جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

حق آیا اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کو مٹنا ہی تھا

کنزالایمان

وہابیت کے بطلان کا انکشاف

مناظر اسلام ترجمان مسلک رضا مبلغ اہلسنت

حضرت علامہ مولانا محمد کاشف اقبال مدنی رضوی

کرمانوالہ بک شاپ

دوکان نمبر ۲، دربار مارکیٹ لاہور

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہ

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللہ

marfat.com

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

حق آیا اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کو مٹنا ہی تھا

کنز الایمان

وہابیت کے بطلان کا انکشاف

مناظرِ اسلام ترجمانِ مسلکِ رضا مبلغِ اہلسنت

حضرت علامہ مولانا محمد کاشف اقبال مدنی رضوی

کرمانوالہ بک شاپ

دوکان نمبر ۲، دربار مارکیٹ لاہور

Voice: 042-7249515

marfat.com

بفیضانِ کرم

حضرت سید محمد اسمٰعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

المعروف حضرت کرمانوالے آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف ۔ اوکاڑہ

حضرت سید
محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سید
محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سید
محمد غضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سید
صمصام علی شاہ بخاری مدظلہ العالی

بفیضانِ نظر

پیر سید میر طیب علی شاہ بخاری مدظلہ العالی

سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف

جملہ حقوق محفوظ ہیں

قیمت 40 روپے

زیرِ سرپرستی

حاجی انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی

زیرِ اہتمام

سمیع اللہ برکت

شائع اول .... یکم مئی 2004

marfat.com

فہرست

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
۞	**مُقدمہ**	15
2	اہلِ سُنّت کا وہابیہ سے اُصولی اختلاف	17
3	وہابیہ کا مقصد اتباع سُنّت نہیں بلکہ فتنہ وفساد ہے	20
4	وہابیہ کا ذاتی مقاصد کی خاطر سُنّت ترک کرنا	23
5	ترکِ سُنّت اور وہابی مذہب	25
6	وہابیہ کے مذہب کی بنیاد جھوٹ پر ہے	27
7	موجودہ اہلِ حدیث حقیقۃً وہابی ہیں	28
8	حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہابی ہیں (نعوذ باللہ)	29
9	اکابر وہابیہ بے وقوف ہیں	29
10	انگریز سے ''وہابی'' نام کی بجائے ''اہلِ حدیث'' کی منظوری	30
11	وہابیت سے لاتعلقی کا اعلان	31
12	اہلِ مکہ ومدینہ کے عمل سے استدلال	32
13	ہر داعیِ شر خیر خواہ کے روپ میں آتا ہے	33

marfat.com

14	وہابی کی وجہ تسمیہ	33
۞	**وھابی توحید**	36
16	اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے (نعوذ باللہ)	36
17	اللہ تعالیٰ جہت اور مکان سے پاک نہیں ہے (نعوذ باللہ)	36
18	اللہ تعالیٰ مکّار ہے (نعوذ باللہ)	36
19	اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ علم غیب نہیں (نعوذ باللہ)	37
20	بُرے وقت میں پہنچنا اللہ کی شان ہے (نعوذ باللہ)	37
21	اللہ تعالیٰ عرش کے اوپر موجود ہے (نعوذ باللہ)	37
22	اللہ کے وزن سے کرسی چَر چَر کرتی ہے (نعوذ باللہ)	38
23	اللہ مجسّم ہے (نعوذ باللہ)	38
24	اللہ اپنی مثل پیدا کر سکتا ہے (نعوذ باللہ)	38
25	اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا انکار (نعوذ باللہ)	39
26	اللہ تعالیٰ کی صفات حادث ہیں (نعوذ باللہ)	39
27	آخرت میں دیدارِ الٰہی کا انکار (نعوذ باللہ)	39
28	اللہ جس صورت میں چاہے ظہور فرما سکتا ہے (نعوذ باللہ)	39
29	قبر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا	40
30	اللہ کا ذکر بدعت ہے	40
31	قبلہ کی طرف پاؤں کرنا جائز ہے	40

marfat.com

32	وہابی تراجم	41
۞	**عقائد وهابيه**	42
34	نماز میں حضور علیہ السلام کا خیال لانا بیل گدھے کے خیال سے بدرجہا بدتر ہے (نعوذ باللہ)	42
35	اسماعیل دہلوی کون ہے؟ (حاشیہ)	42
36	امام الانبیاء علیہ السلام اور تمام انبیاء چمار سے بھی ذلیل ہیں (نعوذ باللہ)	43
37	حضور علیہ السلام اور تمام انبیاء بڑے بھائی ہیں (نعوذ باللہ)	43
38	حضور علیہ السلام کی گنوار جیسی حیثیت (نعوذ باللہ)	43
39	انبیاء واولیاء کو سفارشی ماننے والا ابوجہل جیسا مشرک ہے (نعوذ باللہ)	44
40	حضور علیہ السلام کو قبر وحشر حتیٰ کہ اپنے حال کا بھی علم نہیں (نعوذ باللہ)	44
41	اگر خدا چاہے تو کروڑوں محمد کے برابر پیدا کر دے (نعوذ باللہ)	44
42	نبی گاؤں کے چودھری جیسا (نعوذ باللہ)	44
43	نبی، ولی کی تعریف عام آدمی سے بھی کم کرو (نعوذ باللہ)	44
44	حضور علیہ السلام کسی چیز کے بھی مختار نہیں (نعوذ باللہ)	45
45	حضور علیہ السلام کفار جیسے ہیں (نعوذ باللہ)	45
46	نعرۂ رسالت وحیدری لگانے والوں کے متعلق فتویٰ	45
47	نبی مر کر مٹی میں ملنے والا ہے (نعوذ باللہ)	46
48	نبی علیہ السلام کو زندہ ماننے والے کا ایمان بے کار ہے (نعوذ باللہ)	46

marfat.com

49	حضور علیہ السلام حرام مال استعمال فرماتے رہے (نعوذ باللہ)	46
50	حضور علیہ السلام مردار خور تھے (نعوذ باللہ)	46
51	حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نزولِ آیات سے قبل فاسقہ زانیہ سمجھ لیا تھا (نعوذ باللہ)	47
52	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا وظیفہ اور ذکر جائز نہیں (نعوذ باللہ)	47
53	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبرِ مبارک سے آنے والی آوازیں شیطان کی چالیں تھیں (نعوذ باللہ)	47
54	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا انسانی شکل میں مدد کرنا شیطان کا مدد کرنا ہے (نعوذ باللہ)	48
55	حضرت زکریا و ابراہیم علیہما السلام پر نامردی کا الزام (نعوذ باللہ)	48
56	نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک بُت ہے (نعوذ باللہ)	48
57	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا روضۂ مبارک گرانا واجب ہے (نعوذ باللہ)	48
58	روضۂ رسول کی نیت سے سفر کرنا شرک ہے (نعوذ باللہ)	49
59	حائضہ کیلئے درود شریف پڑھنا جائز ہے	49
60	لمحۂ فکریہ!	50
۞	**وہابیت کی شیعیت و مرزائیت نوازی**	51
62	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے حُجت نہیں (نعوذ باللہ)	51
63	صحابۂ کرام کے اقوال و افعال حُجت نہیں (نعوذ باللہ)	51
64	صحابہ کرام کی قرآن مجید کی تفسیر بھی دلیل نہیں (نعوذ باللہ)	51

marfat.com

65	حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی افضلیت سے انکار	52
66	حضرت علی سب سے زیادہ خلافت کے مستحق تھے	52
67	حضرت امیر معاویہ کی تعریف کرنے والا سچا مسلمان نہیں	52
68	اہلِ حدیث شیعانِ علی ہیں	53
69	یزید کی تعریف وتوصیف	53
70	قادیانیوں کے پیچھے نماز جائز اوران کو مسلمان ماننا	53
✿	**وھابی فقه**	54
72	کتا، خنزیر اور سانپ حلال ہیں	54
73	دریائی جانور زندہ اور مردہ حلال ہیں	54
74	بجو کھانا جائز ہے	54
75	کچھوا، کوکرا، گھونگا حلال ہیں	55
76	گوہ حلال ہے	56
77	گھوڑا حلال ہے	57
78	منی پاک ہے	57
79	منی کا کھانا جائز ہے	58
80	کتے کا گوشت، ہڈیاں، خون، بال اور پسینہ پاک ہے	58
81	خون، خنزیر اور شراب پاک ہے	58
82	اُلو حلال ہے	59

marfat.com

83	حلال جانوروں کا پیشاب اور گوبر پاک وحلال ہے	59
84	چوہا اور لومڑی حلال ہے	60
85	شراب میں نمک اور مچھلی ڈالنے سے حلال ہو جاتی ہے	60
86	شراب ملی روٹی کھانا جائز ہے	60
87	شراب کا سرکہ پینا جائز ہے	61
88	کنویں میں کتا گر جائے تو پانی پلید نہیں ہوتا	61
89	خنزیر اور کتے کا جوٹھا پاک ہے	61
90	پاخانہ کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ اور پیٹھ کرنا جائز ہے	61
91	جماع کے وقت منہ اور سوتے وقت پاؤں قبلہ کی طرف کرنا جائز ہے	62
92	متعہ کنجری بازی جائز ہے	62
93	ماں، بہن، بیٹی سے زنا کی اجازت	62
94	زنا کی اجازت	63
95	مشت زنی واجب ہے اور صحابہ کرام سے منقول ہے (نعوذ باللہ)	63
96	ساس سے جماع وزنا	63
97	باپ بیٹے کی مشترکہ عورت	64
98	بیٹی سے نکاح	65
99	سُسر کا بہو سے جماع وزنا	66
100	سگی نانی، دادی اور بھانجے کی پوتی سے نکاح جائز ہے	66

marfat.com

101	عورت کو داڑھی والے کو دودھ پلانے کی اجازت ہے	67
102	بیوی کا دودھ پینا جائز ہے	67
103	وہابیوں کی نماز کا عجیب منظر	68
104	چند مسائل وہابیہ	68
105	بحری کتا اور خنزیر حلال ہے	69
106	کتے کا پیشاب اور پاخانہ بھی پاک ہے	69
107	خنزیر اور کتے کا جوٹھا اور لعاب پاک ہے	69
108	مَنی، خواہ خشک ہو یا تر، گاڑھی ہو یا پتلی پاک ہے	70
109	تمام حلال اور حرام جانوروں کا پیشاب پاک ہے	70
110	عورتوں کی شرمگاہ کی رطوبت پاک ہے	70
111	مردار اور خنزیر کے بال اور خنزیر کی ہڈیاں، سینگ، پٹھے، کھریاں اور چونچ بھی پاک ہیں	71
112	گھوڑا، جنگلی گدھا اور جنگلی خچر حلال ہیں	71
113	جنگلی بلا اور جنگلی چوہا حلال ہیں	71
114	گدھ، کوا، چمگادڑ اور سیہہ حلال ہیں	71
115	اگر کوئی مرد اپنی دبر میں اپنا یا (لوہے، لکڑی یا مُردے یا جانور کا) آلۂ تناسل داخل کرے تو غسل فرض نہیں ہوتا	72

marfat.com

116	اگر کوئی عورت لکڑی کا یا پیسوں کو جوڑ کر آلۂ تناسل اپنی دبر میں داخل کرائے یا اپنی شرمگاہ میں داخل کرائے تو غسل فرض نہیں ہوتا صرف وضو ٹوٹتا ہے	72
117	اگر کوئی عورت اپنی دبر یا سامنے قُبل میں اُنگلی داخل کرائے یا کسی غیر مرد یا خسرے یا مُردے یا بچے کا آلۂ تناسل داخل کرائے اس صفائی سے کہ دبر یا فرج کو نہ لگے تو وضو بھی نہیں ٹوٹتا	72
118	عورتوں کی دبر زنی کرنا حلال ہے	73
119	مرد و عورت ننگے ہو کر شرمگاہیں ملائیں تو بھی وضو نہیں ٹوٹتا	73
120	اپنی انگلی پاخانہ کی جگہ داخل کی یا لکڑی یا لوہے کا آلۂ تناسل اپنی دبر میں داخل کیا اگر خشک نکل آئے تو وضو نہ ٹوٹا	74
121	شہوت کے وقت آلۂ تناسل کو پکڑ لینے سے بعد ختم ہونے شہوت کے غسل واجب نہیں ہوتا	74
122	کتے کی کھال کی جائے نماز اور ڈول بنانا جائز ہے	74
123	کتے کو اٹھا کر نماز پڑھنا جائز ہے	75
124	انسانی پیشاب میں گندم اور چنے بھگو دیے جائیں اور وہ گندم اور چنے پیشاب میں پھول جائیں تو اس کا کھانا دھو کر جائز ہے	75
125	جانور کے گوبر یا مینگنی یا جگالی میں جَو ہو تو اس جو کو دھو کر کھا لینا چاہیے	75
126	نماز میں عورت کو بوسہ اور شہوت سے مس کرنے سے نماز نہیں ٹوٹتی	75

marfat.com

127	چوہا شراب میں گرا پھر شراب سرکہ بن گئی تو وہ شراب پاک ہے	76
128	اگر کسی عورت نے حالتِ نماز میں خاوند کا بوسہ لیا تو بھی نماز نہیں ٹوٹتی	76
129	حالت روزہ میں مرد اپنے پاخانہ کی جگہ میں انگلی داخل کرے تو روزہ نہیں ٹوٹتا	76
130	اگر کسی عورت نے روزہ کی حالت میں اپنی انگلی اپنی شرمگاہ میں داخل کی تو روزہ نہیں ٹوٹے گا	77
131	عورتوں کے ساتھ ان کے فرج کے علاوہ حالت روزہ میں جماع کیا جاسکتا ہے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا	77
132	عورتوں کے ساتھ زبردستی جماع کر لینے سے عورتوں کو روزے کی قضا نہیں پڑتی	77
133	جانوروں، مُردوں یا بچوں کے ساتھ حالت روزہ میں بدفعلی کرنے سے کفارہ نہیں لازم آتا	78
134	عورت کو بری نظر سے دیکھنے سے بصورت انزال روزہ نہیں ٹوٹتا	78
135	حالتِ اعتکاف میں بلاشہوت عورت کی دبرزنی سے اعتکاف میں کوئی فرق نہیں آتا	79
136	حرفِ آخر	79

marfat.com

مُقَدِّمَہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

نحمدہ و نصلی علٰی رسولہ الکریم۔ اما بعد!

وہابی نام نہاد اہلِ حدیث عوام کو یہ تاثر دیتے ہیں کہ ہم حق پر ہیں اور معاذ اللہ اہلِ سُنّت و جماعت بریلوی مشرک و بدعتی ہیں لیکن اہلِ علم پر یہ بات مخفی نہیں کہ وہابیت کی بنیاد وہی انبیاء واولیاء کی توہین پر ہے۔ وہابیہ سے اہلِ سُنّت و جماعت کے اصولی اختلافات کچھ ایسے ہیں کہ کوئی بھی مسلمان خالی الذہن ہوکران متنازعہ عبارات کو پڑھے تو وہ وہابیہ کے حق میں فیصلہ نہیں دے سکتا۔ وہابی علماء عوام کو مغالطہ دینے کیلئے مسئلۂ حاضر و ناظر، علم غیب، استمداد و استعانت، نور و بشر، میلاد وعرس اور ختم شریف کے موضوع پر دھواں دھار تقریریں کر کے یہ یقین دلانے کی کوشش کرتے ہیں کہ اصل سُنی و وہابی اختلاف ان مسائل میں ہے حالانکہ اصولی اختلاف ان مسائل میں نہیں بلکہ ہمارا وہابیہ سے اصولی اختلاف ان متنازعہ عبارات میں ہے جن میں اکابرِ وہابیہ نے انبیاء واولیاء کی توہین کی ہے۔ وہابیہ کا بے ادب و گستاخ ہونا تو خود ان کے اکابر کو بھی تسلیم ہے۔

1- وہابیہ کے علامہ داؤد غزنوی صاحب کہتے ہیں:

"دوسرے لوگوں کی یہ شکایت کہ اہلِ حدیث حضرات ائمۂ اربعہ کی توہین کرتے ہیں، بلا وجہ نہیں ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے حلقہ میں عوام اس گمراہی میں مبتلا ہو رہے ہیں اور ائمۂ اربعہ کے اقوال کا تذکرہ حقارت کے ساتھ بھی کر جاتے ہیں، یہ رجحان سخت گمراہ کن اور خطرناک ہے اور ہمیں سختی

marfat.com

کے ساتھ اس کو روکنے کی کوشش کرنی چاہیے"۔[1]

انہی کی مزید سنئے، لکھتے ہیں:

"جماعت اہلِ حدیث کو حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی روحانی بددعا لے کر بیٹھ گئی ہے۔ ہر شخص ابوحنیفہ ابوحنیفہ کہہ رہا ہے کوئی بہت ہی عزت کرتا ہے تو امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کہہ دیتا ہے۔ پھر اُن کے بارے میں اِن کی تحقیق یہ ہے کہ وہ تین حدیثیں جانتے تھے یا زیادہ سے زیادہ گیارہ، اگر کوئی بہت بڑا احسان کرے تو وہ انہیں سترہ حدیثوں کے عالم گردانتا ہے۔ جو لوگ اتنے جلیل القدر امام کے بارے میں یہ نقطۂ نظر رکھتے ہوں ان میں اتحاد و یکجہتی کیوں کر پیدا ہو سکتی ہے"۔[2]

2- وہابیہ کے مجتہد اور مترجم صحاح ستہ ماسوا ترمذی علامہ وحید الزماں حیدر آبادی لکھتے ہیں:

"غیر مقلدوں کا گروہ جو اپنے تئیں اہلِ حدیث کہتے ہیں انہوں نے ایسی آزادی اختیار کی ہے مسائل اجماعی کی پرواہ نہیں کرتے، نہ سلف صالحین اور صحابہ و تابعین کی، قرآن کی تفسیر صرف لغت سے اپنی من مانی کر لیتے ہیں۔ حدیث شریف میں تفسیر آ چکی ہے اس کو بھی نہیں سنتے ہیں"۔[3]

مزید لکھتے ہیں:

"بعضے عوام اہلِ حدیث کا یہ حال ہے کہ انہوں نے صرف رفع یدین اور آمین بالجہر کو اہلِ حدیث ہونے کیلئے کافی سمجھا ہے، باقی اور آداب اور سنن اور اخلاق نبوی سے کچھ مطلب نہیں، غیبت، جھوٹ، افتراء سے باک نہیں کرتے، ائمہ مجتہدین رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اولیاء اللہ اور حضرات صوفیہ کے حق میں بے ادبی اور گستاخی کے کلمات زبان پر لاتے ہیں، اپنے سوا تمام

1- داؤد غزنوی صفحہ ۸۷ مطبوعہ لاہور

2- ایضاً صفحہ ۱۳۶

3- لغات الحدیث صفحہ ۹۱ جلد ۲، حیات وحید الزماں صفحہ ۱۰۲ مطبوعہ کراچی

marfat.com

مسلمانوں کو مشرک اور کافر سمجھتے ہیں، بات بات میں ہر ایک کو مشرک اور قبر پرست کہہ دیتے ہیں''۔[1]

3- وہابیہ کے امام عبدالجبار غزنوی کی سن لیجئے، فرماتے ہیں:

''ہمارے اس زمانہ میں ایک فرقہ نیا کھڑا ہوا ہے جو اتباعِ حدیث کا دعویٰ رکھتا ہے اور در حقیقت وہ لوگ اتباع حدیث سے کنارے ہیں جو حدیثیں کہ سلف و خلف کے ہاں معمول بہا ہیں، ان کو ادنیٰ سی قدح اور کمزور جرح پر مردود کہہ دیتے ہیں اور صحابہ کے اقوال وافعال کو ایک بے طاقت سے قانون اور بے نُور سے قول کے سبب پھینک دیتے ہیں اور ان پر اپنے بیہودہ خیالوں اور بیمار فکروں کو مقدم کرتے ہیں''۔[2]

اختصار مانع ہے ورنہ متعدد حوالہ جات حاضر خدمت کر دیتا۔ ان حوالہ جات سے ہی یہ ثابت ہو گیا کہ وہابیہ انبیاء و اولیاء کے گستاخ ہیں۔

اہلِ سُنّت کا وہابیہ سے اُصولی اختلاف:

وہابی علماء عوام کو ان مسائل سے بے خبر کرنے کیلئے فروعی مسائل جیسے رفع یدین، آمین بالجہر، فاتحہ خلف الامام وغیرہ کو ایمان و کفر کے مسائل کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں حالانکہ ان مسائل میں اختلاف ان سے ہمارا اصولی و بنیادی اختلاف نہیں ہے۔ ہمارے اس موقف کو وہابی اکابر نے بھی تسلیم کیا ہے۔

1- وہابیہ کے مجتہد علامہ وحید الزماں حیدر آبادی لکھتے ہیں:

''اختلاف یہ نہیں ہے ایک رفع یدین کرے دوسرا نہ کرے ایک پکار کر آمین کہے ایک آہستہ جبکہ اختلاف یہ ہے ایک دوسرے سے ناحق جھگڑے، اس کو ستائے''۔[3]

1- لغات الحدیث صفحہ ۹۱ جلد ۲ مطبوعہ کراچی

2- فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۷ صفحہ ۸۰ مطبوعہ لاہور

3- تیسیر الباری جلد ۲ صفحہ ۵۳۵ مطبوعہ نعمانی کتب خانہ، لاہور

marfat.com

یہی وحید الزماں صاحب لکھتے ہیں:

''وہ (اہلِ حدیث) رفع یدین کو سنت کہتے ہیں''۔[1]

اور سن لیجیے، لکھتے ہیں:

''سنت کے ترک کو حضرت رسولِ کریم ﷺ کا خلاف کرنا نہیں کہہ سکتے''۔[2]

اب تو انصاف سے کہیے کہ ان وہابیہ کا ان مسائل میں اہلِ سنت سے محاذ آرائی کرنا کہاں تک درست ہے۔

2- وہابیہ کے شیخ الحدیث حافظ محمد گوندلوی لکھتے ہیں:

''اسی طرح اگر کوئی اہلِ حدیث بوجہ تحقیق رفع یدین نہ کرے اور آمین بالجہر نہ کہے یا فاتحہ خلف الامام پر تشدد نہ کرے تو وہ اہلِ حدیث ہی رہتا ہے مسلک اہلِ حدیث سے علٰحدہ نہیں ہوتا''۔[3]

3- وہابیہ کے مؤرخ مسعود عالم ندوی بھی لکھتے ہیں:

''مولوی محمد حسین صاحب (بٹالوی) اور ان ہی جیسے بعض علماءِ اہلِ حدیث کی روش کا یہ نتیجہ ہوا کہ موجودہ جماعت اہلِ حدیث کا عام رجحان فروعی مسائل تک محدود ہو کر رہ گیا ہے...... موجودہ جماعت اہلِ حدیث آمین و رفع یدین اور اس قسم کے دو چار فروعی مسئلوں پر قانع ہو کر رہ گئی ہے بلکہ اب اس کی حیثیت جماعت سے زیادہ فرقہ کی ہوگئی''۔[4]

اور لکھتے ہیں:

''اہلِ حدیث سے تحزب (تخریب کاری) اور گروہ بندی کی بو آتی ہے...... ہر طرف تحزب اور فرقہ بندی کا زور ہے۔ ضرورت اصول پر زور دینے اور فروع

1- تیسیر الباری جلد ۱ صفحہ ۴۶۸

2- تیسیر الباری جلد ۱ صفحہ ۴۶۳

3- حنفی اور اہلِ حدیث صفحہ ۲

4- ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک صفحہ ۲۵، ۲۶ مطبوعہ لاہور

marfat.com

میں روادار ہونے کی ہے''۔[1]

یہ بیانات سُنی حنفی بریلوی علماء کے نہیں ہیں بلکہ وہابی اکابر کی تحریریں ہیں جن سے بہر صورت یہ ثابت ہو گیا کہ ہمارا وہابیہ سے اصولی اختلاف انبیاء و اولیاء کی توہین کا ہے نہ کہ ان فروعی مسائل کا۔ وہابیہ کا صرف دعویٰ ہی اہلِ حدیث ہونے کا ہے حقیقت سے اس کا دُور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ وہابیہ کے بے ادب اور گستاخ ہونے پر تفصیلی اور وزنی دلائل آپ کو ہماری اس کتاب میں انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ مل جائیں گے۔

1- مسئلۂ رفع یدین پر گفتگو کرتے ہوئے وہابیہ کے محدث نذیر حسین دہلوی لکھتے ہیں:

''اگر کوئی (رفع یدین) نہ کرے تو بوجہ دوسری جانب کی روایات ضعیف کے اس پر کچھ اعتراض نہ کیا جاوے''۔[2]

2- ایک جگہ لکھا ہے:

''بر علمائے حقانی پوشیدہ نیست کہ در رفع یدین بوقت رفتن در رکوع و وقت برداشتن سر از رکوع منازعت ومخاصمت و مشاتمت و مغاضبت کردن خالی از تعصب مذہبی و جہالت نخواہد بود زیرا کہ رفع وعدم رفع در ہر دو مقام باوقات مختلفہ از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ثابت است''۔[3]

اس فارسی عبارت کا ترجمہ ہم فتاویٰ نذیریہ کے حاشیہ سے ہی پیش کر رہے ہیں:

''علمائے حقانی پر پوشیدہ نہیں ہے کہ رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کرنے میں لڑنا، جھگڑنا تعصب اور جہالت سے خالی نہیں ہے کیونکہ مختلف اوقات میں رفع یدین کرنا، نہ کرنا دونوں ثابت ہیں''۔[4]

3- وہابیہ کے محدث عبداللہ روپڑی بھی لکھتے ہیں:

1- ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک حاشیہ صفحہ ۲۶

2- فتاویٰ نذیریہ جلد ۱ صفحہ ۴۴۳۰ مطبوعہ گوجرانوالہ

3- فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۳ صفحہ ۶۰، فتاویٰ نذیریہ جلد ۱ صفحہ ۴۴۱

4- فتاویٰ نذیریہ جلد ۱ صفحہ ۴۴۱، فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۳ صفحہ ۶۰

marfat.com

''آج کل لوگ معمولی مسائل میں وقت ضائع کرتے ہیں اور اہم مسائل سے غافل ہیں۔ خدا سمجھ دے۔ آمین''۔[1]

4- وہابیہ کے مجدد نواب صدیق حسن خان بھوپالی کے صاحبزادے علی حسن خان اپنے والد کی بابت لکھتے ہیں:

''والا جاہ مرحوم نماز پنجگانہ حنفی طریقہ پڑھتے تھے''۔[2]

اختصار مانع ہے ورنہ متعدد حوالہ جات ہدیۂ قارئین کر دیتا۔

وہابیہ کا مقصد اتباع سُنّت نہیں بلکہ فتنہ و فساد ہے:

وہابیہ کے مستند عالم عطاء اللہ حنیف بھوجیانی نقل کرتے ہیں:

''مولانا (اسماعیل دہلوی) نے تقویت الایمان لکھنے کے بعد اپنے خاص خاص لوگوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے تقویۃ الایمان پیش کی اور فرمایا کہ میں نے یہ کتاب لکھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آ گئے ہیں اور بعض جگہ تشدد بھی ہو گیا ہے مثلاً ان امور کو جو شرکِ خفی تھی، شرکِ جلی لکھ دیا گیا ہے۔ ان وجوہ سے اندیشہ ہے کہ اس کی اشاعت سے شورش ضرور ہوگی۔ اس وقت میرا ارادہ حج کا ہے اور وہاں سے واپسی پر عزمِ جہاد ہے اس لیے میں اس کام سے معذور ہوں اور مَیں دیکھتا ہوں کہ دوسرا کوئی بھی اس بار کو اٹھائے گا نہیں اس لیے میں نے یہ کتاب لکھ دی ہے گو اس سے شورش ہوگی مگر توقع ہے کہ لڑ بھڑ کر خود ٹھیک ہو جائیں گے''۔[3]

وہابی عالم کی اس عبارت سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ برصغیر میں فتنہ و فساد کی بنیاد امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی اور اس کی کتاب تقویۃ الایمان نے ڈالی ہے۔ اس پر چند شواہد پیشِ خدمت ہیں:

1- فتاویٰ اہل حدیث جلد ۲ صفحہ ۷۱ مطبوعہ سرگودھا

2- مآثر صدیقی جلد ۴ صفحہ ۶۳ مطبوعہ نولکشور

3- اکمل البیان صفحہ ۴۰ مطبوعہ لاہور

marfat.com

1- وہابیہ کے امام الہند ابوالکلام آزاد لکھتے ہیں:

''مولانا محمد اسماعیل شہید مولانا منور الدین کے ہم درس تھے۔ شاہ عبدالعزیز کے انتقال کے بعد جب انہوں نے تقویۃ الایمان اور جلاء العینین لکھی اور ان کے اس مسلک کا ملک میں چرچا ہوا تو تمام علماء میں ہلچل پڑ گئی۔ ان کے رد میں سب زیادہ سرگرمی بلکہ سربراہی مولانا منور الدین نے دکھائی۔ متعدد کتابیں لکھیں اور ۱۲۴۸ھ والا مشہور مباحثہ جامع مسجد کیا تمام علمائے ہند سے فتویٰ مرتب کرایا پھر حرمین شریفین سے فتویٰ منگایا''۔[1]

2- وہابیہ کے مجتہد علامہ وحید الزماں حیدر آبادی لکھتے ہیں:

"شدد بعض اخواننا من المتاخرين في امر الشرك ضيق دائرة الاسلام و جعل الامور المكروهة والمحرمة شر كا فان كان غرضه من هذا الشرك العملي اعني الشرك الاصغر او سد الذرائع فالله يغفر له و يعفو عنه والا فهو غال و مشدد في الدين و قال الله تعالىٰ لا تغلوا في دينكم والتشديد في الدين سيما الخوارج المارقين والناكثين"۔[2]

''ہمارے بعض متاخرین[3] نے شرک کے معاملہ میں بہت تشدد کیا ہے اور اسلام کے دائرہ کو بہت تنگ کر دیا ہے۔ مکروہ اور حرام امور کو بھی شرک قرار دیا ہے۔ اگر ان کی شدت سے ان کا شرک اصغر یا ان امور کا سد باب مقصد ہے تو اللہ ان کو معاف کرے، وگرنہ وہ دین میں سخت غالی اور دین میں تشدد کرنے والے تھے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ دین میں غلو مت کرو۔ دین میں تشدد ان خارجیوں کی نشانی ہے اور دین سے خارج اور عہد شکن ہیں''۔

3- وہابیت کے قاضی عبدالاحد خانپوری لکھتے ہیں:

1- آزاد کی کہانی صفحہ ۳۶ مطبوعہ لاہور

2- ہدیۃ المہدی جلد ۱ صفحہ ۲۶ مطبوعہ دہلی

3- اس سے مراد مولوی اسماعیل دہلوی اور محمد بن عبدالوہاب نجدی ہیں۔ (حاشیہ ہدیۃ المہدی جلد ۱ صفحہ ۲۶)

marfat.com

''اس زمانے کے جھوٹے اہلِ حدیث مبتدعین مخالفین سلف صالحین جو حقیقت ماجاء الرسول سے جاہل ہیں، وہ صفت میں وارث اور خلیفہ ہوئے ہیں روافض کے، یعنی جس طرح شیعہ پہلے زمانوں میں باب اور دہلیز کفر و نفاق کے تھے اور مدخل ملاحدہ و زنادقہ کا تھے اسلام کی طرف اسی طرح یہ جاہل بدعتی اہلِ حدیث اس زمانہ میں باب اور دہلیز اور مدخل ہیں ملاحدہ اور زنادقہ منافقین کے بعینہٖ مثل تشیّع کے...... مقصود یہ ہے کہ رافضیوں میں ملاحدہ تشیّع ظاہر کر کے حضرت علی اور حسنین رضی اللہ عنہم کی غلو کے ساتھ تعریف کر کے سلف کو ظالم کہہ کر گالی دے دیں اور پھر جس قدر الحاد و زندقہ پھیلائیں، کچھ پروا نہیں، اسی طرح ان جہال بدعتی کاذب اہل حدیثوں میں ایک دفعہ رفع یدین کرے اور تقلید کا رد کرے اور سلف کی ہتک کرے مثل امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی جن کی امامت فی الفقہ اجماعِ امت کے ساتھ ثابت ہے اور جس قدر کفر، بداعتقادی اور الحاد اور زندیقیت ان میں پھیلا دے بڑی خوشی سے قبول کرتے ہیں اور ایک ذرہ چیں بچیں بھی نہیں ہوتے''۔[1]

4- وہابیہ کے امام العصر محمد ابراہیم میر سیالکوٹی لکھتے ہیں:

''جماعت اہل حدیث اپنے ناقص العلم اور غیر محتاط نام نہاد علماء کی تحریروں اور تقریروں سے دھوکہ نہ کھائے کیونکہ ان میں بعض تو پرانے خارجی اور بے علم محض اور پرانے کانگریسی ہیں جو کانگریس کا حق نمک ادا کرنے کے لیے ایک نہایت گہری زمین دوز تجویز کے تحت انگریزی پالیسی ''تفرقہ ڈالو اور فتح کرو'' سے مسلمانوں کو اختلافی مسائل میں مشغول کر کے باہمی اتفاق میں رکاوٹ اور مسلمانوں میں خصوصاً اہل حدیث میں تعصب پیدا کرنا چاہتے ہیں''۔[2]

قارئینِ کرام! ہماری اس تفصیلی مع الدلائل گفتگو سے یہ بات روزِ روشن کی طرح

1- کتاب التوحید والسنۃ صفحہ ۲۶۲

2- احیاء المیت صفحہ ۳۶

marfat.com

عیاں ہوگئی کہ وہابیہ کا مقصد صرف اور صرف فتنہ وفساد ہے اور اس مذہبی فرقہ واریت اور فتنہ وفساد کا موجب انہی وہابیہ کے اکابر تھے۔

جہاں تک ان کے دعویٰ احیاءِ سنّت کا معاملہ ہے وہ بھی آپ ان دلائل سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہابیہ کا مقصود احیاءِ سنت نہیں بلکہ فتنہ وانتشار ہے۔

یوسف پنشنر کی کاروائی سنیے، لکھتے ہیں:

"امرتسر میں یہ گل کھلا کر میں اپنے وطن ضلع مظفر گڑھ میں شادی کرانے چلا گیا ریل نہ ہونے کی وجہ سے کئی دنوں کا سفر تھا۔ راستے میں بھی یہی طریق رہا۔ جہاں نماز پڑھی آمین بالجہر کہی اور شورش ہوئی۔ خدا خدا کر کے اپنے وطن حسین پور ضلع مظفر گڑھ میں پہنچے وہاں بھی اپنے قصبہ (حسین پور) میں آمین بالجہر کہی تو عام شورش ہوئی یہاں تک کہ میرے سسرال والوں نے نکاح دینے سے انکار کر دیا"۔[1]

وہابیہ کا اتباع واحیائے سنت کا دعویٰ بھی بالکل جھوٹ ہے بلکہ اپنے ذاتی مقاصد کی خاطر یہ لوگ اپنے بقول ہی جو اہم سنتیں ہیں ان سے بھی منہ پھیر لیتے ہیں، ان کو بھی ترک کر دیتے ہیں۔ بحمد اللہ ہم اپنے ہر دعویٰ کو وہابیہ کے مسلمہ اکابر سے ثابت کریں گے۔

وہابیہ کا ذاتی مقاصد کی خاطر سُنَّت ترک کرنا:

آپ مسئلہ رفع یدین کو ہی لیجئے یہ لوگ رفع یدین کو فرض تک کہہ دیتے ہیں۔

1- وہابیہ کے امام مسعود بی ایس سی لکھتے ہیں:

"رفع یدین فرض ہے"۔[2]

2- وہابیہ کے مقتدا انور حسین گرجاکھی لکھتے ہیں:

"رفع یدین سنت مؤکدہ ہے بلکہ واجب ہے اور اس کے چھوڑنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے"۔[3]

1- نقوش ابوالوفا صفحہ ۱۴۱

2- تلاشِ حق صفحہ ۲۷ مطبوعہ راولپنڈی

3- قرۃ العینین صفحہ ۶۹

marfat.com

3- وہابیہ کے علامہ شیخ الحدیث خالد گرجاکھی لکھتے ہیں:
''رکوع کرتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین کرنا رسول کریم کی سنت متواترہ ہے''۔[1]

4- وہابیہ کے محدث عبداللہ روپڑی لکھتے ہیں:
''احتیاط رفع یدین کرنے ہی میں ہے نہ کرنے میں خطرہ ہے کہ نماز میں نقص آئے''۔[2]

5,6- وہابیہ کے حکیم صادق سیالکوٹی نیز وہابی مفتی عبدالستار لکھتے ہیں:
''(رفع یدین) سنت مؤکدہ ہے''۔[3]

اسی رفع یدین کو یہ لوگ کئی دفعہ اپنے ذاتی مقاصد کیلئے چھوڑ دیتے ہیں۔ حوالہ جات ملاحظہ ہوں!

1- وہابیہ کے امام عنایت اللہ اثری گجراتی لکھتے ہیں:
''انہیں ایام کا ذکر ہے کہ مولوی الوہاب صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ مولوی عبدالحکیم نصیر آبادی جب فلاں جگہ جاتے ہیں تو وہاں کے احناف کی خاطر رفع یدین چھوڑ دیتے ہیں''۔[4]

2- وہابیہ کے خواجہ عطاء الرحمٰن لکھتے ہیں:
''مولانا خالد (گرجاکھی) صاحب نے بتایا ہے کہ والد صاحب (نور حسین) ایک دن تہجد کی نماز میں اپنے استاد مولانا علاؤ الدین صاحب کے ساتھ باجماعت ادا کی تو مولانا علاؤ الدین صاحب کو تہجد میں رفع یدین کر کے نماز پڑھتے دیکھا حالانکہ مولانا دن کی نمازوں میں رفع یدین نہ کرتے تھے میں نے پوچھا تو فرمانے لگے: بیٹا! یہ سنت سے ثابت ہے لیکن میں دن کو اس لیے نہیں کرتا تا کہ لوگ بدک نہ جائیں۔ کہنے لگے میں ایک دن اپنے استاد

1- صلاۃ النبی صفحہ ۱۶۱
2- فتاویٰ اہل حدیث جلد ا صفحہ ۳۶۳
3- صلوٰۃ الرسول صفحہ ۲۳۶، فتاویٰ ستاریہ جلد ۳ صفحہ ۵۱
4- العطر البلیغ صفحہ ۳۳

marfat.com

حضرت مولانا غلام رسول صاحب قلعوی کے ساتھ اکیلا نماز پڑھ رہا تھا تو انہوں نے بھی رفع یدین کیا میں نے پوچھا تو انہوں نے فرمایا بیٹا یہ سُنت رسول ﷺ ہے ہم لوگ صرف اس لیے نہیں کرتے کہ لوگ بدک نہ جائیں اور ہماری تبلیغ میں رکاوٹ نہ ہو"[1]

3- وہابیہ کے شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی سے رفعِ یدین کے متعلق سوال ہوا، سوال و جواب دونوں ہدیۂ قارئین کیے جاتے ہیں۔

سوال: بندہ رفع یدین کو سنت رسول سمجھ کر نماز میں ادا کرتا ہے والدین کا اصرار ہے کہ رفع یدین چھوڑ دو مجھے اس صورت میں سنت رسول پر عمل کرنا چاہیے یا والدین کی اطاعت؟

جواب: بعون الوہاب ان حالات میں والدین کی دلجوئی کیلئے ترک رفع یدین کی گنجائش ہے۔ ہمارے بعض اسلاف تبلیغی مصلحت کے پیشِ نظر ترک رفع (یدین) پر عامل تھے۔[2]

قارئینِ کرام! یہ ہے ان کا اتباعِ سنت کا حال۔ اس سے واضح طور پر ثابت ہو گیا کہ وہابیہ کا مقصد اتباعِ سُنّت نہیں بلکہ اپنی نفس پرستی یا مولویت پرستی ہے۔

ترکِ سُنت اور وہابی مذہب

وہابی مذہب میں سنت کو چھوڑنا جائز اور سنت کی خلاف ورزی گناہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری سے کسی نے سوال کیا:

سوال: کوئی شخص فرض نماز ادا کرے اور سنت مؤکدہ یا غیر مؤکدہ ترک کر دے تو خدا کے پاس اس ترک سنت کا کیا مواخذہ ہو گا۔

جواب: سنتوں کی وضع رفع درجات کیلئے ہے ترک سنن سے رفع درجات میں کمی رہتی ہے، مواخذہ نہیں ہو گا انشاء اللہ۔[3]

1- سوانح مولانا نور حسین گرجاکھی صفحہ ۱۲، ۱۳

2- ہفت روزہ الاعتصام لاہور مئی ۱۹۹۰ء

3- فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ صفحہ ۶۲۸

marfat.com

وہابیہ کے مولوی عبدالستار دہلوی لکھتے ہیں:

''نوافل وسننِ صلوٰۃ کے ترک پر گناہ نہیں''۔[1]

موجودہ وہابیہ نماز میں رکوع جاتے اور اُٹھتے وقت رفع یدین کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ سنت رسول ہے جبکہ وہابی علماء کے بقول سجدوں کے ساتھ رفع یدین بھی سنت ہے مگر یہ سجدوں کے وقت رفع یدین نہیں کرتے۔ اس کے متعلق ہم اکابرِ وہابیہ سے چند حوالہ جات پیش کرتے ہیں۔

1- وہابیہ کے محدث ناصر الدین البانی نے لکھا ہے:

''نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سجدوں کا رفع یدین بھی کرتے تھے''۔[2]

2- البانی کی اسی کتاب کا وہابیہ کے صادق خلیل نے ترجمہ کیا ہے۔ البانی صاحب لکھتے ہیں:

''اور کبھی (نبی کریم علیہ السلام) سجدہ میں جاتے وقت بھی رفع یدین کرتے۔ اس حدیث میں جس رفع یدین (سجدوں کے وقت) کا ذکر ہے وہ دس صحابہ سے مروی ہے اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عباس، حسن بصری، طاؤس، اس کا بیٹا عبداللہ، عبداللہ بن عمر کا غلام نافع، سالم، قاسم بن محمد، عبداللہ بن دینار عطاء اس کو جائز سمجھتے ہیں۔ عبدالرحمٰن بن مہدی نے اسے سنت کہا ہے۔ امام احمد بن حنبل نے اس سنت پر عمل کیا ہے۔ امام مالک و امام شافعی کا بھی ایک قول یہی ہے''۔[3]

3- وہابیہ کے علامہ شیخ الحدیث خالد گرجاکھی نے امام بخاری کے رسالہ جزء رفع یدین کا ترجمہ کیا ہے۔ اس میں بھی اُس نے سجدوں کے وقت رفع یدین کو سنت لکھا ہے۔[4]

4- وہابی علماء کے نزدیک سجدوں کے وقت رفع یدین کی حدیث صحیح ہے اس رفع یدین کو

1- فتاویٰ ستاریہ جلد ۴ صفحہ ۳۵

2- صفۃ صلاۃ النبی صفحہ ۱۴۶ مطبوعہ لاہور

3- نماز نبوی صفحہ ۱۴۶، ۱۴۷

4- جزء رفع یدین صفحہ ۶۶

marfat.com

روکنے والا خطا کار ہے اس کو چھوڑنے والا غفلت اور سُستی سے چھوڑتا ہے۔ اس رفع یدین کے کرنے والے کو سو شہید کا ثواب ملے گا جو اسے ناجائز کہے وہ اسرارِ شریعت سے محروم ہے جو اس سے روکے وہ معاند حق ہے۔[1]

اب انصاف سے کہیے کہ وہابیہ کا اہل حدیث ہونے کا دعویٰ جھوٹ کے سوا کچھ نہیں! میں تو کہتا ہوں کہ وہابیہ کے مذہب کی بنیاد ہی جھوٹ ہے۔

وہابیہ کے مذہب کی بنیاد جھوٹ پر ہے:

یہاں پر ہم صرف دو حوالہ جات پیش کر رہے ہیں کہ وہابی علماء جھوٹ بولتے ہی نہیں بلکہ جھوٹ گھڑتے بھی ہیں۔

1- وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں:

"سینے پر ہاتھ باندھنے کی روایات بخاری اور مسلم اور ان کی شروح میں بکثرت ہیں"۔[2]

2- وہابیہ کے علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی کہتے ہیں:

"امام بخاری نے بخاری شریف میں باب باندھا ہے: المسح علی الجوربین"۔[3]

یہ وہابی علماء کے اتنے بڑے جھوٹ ہیں اور وہ بھی دین کے نام پر جس کی مثال کہیں نہیں ملتی۔

قارئین کرام! یہ ایسے ہی جھوٹ ہیں جیسا کہ قادیانیوں کے مرزا غلام احمد قادیانی لکھتے ہیں:

"صحیح بخاری کی وہ حدیثیں جن میں آخری زمانہ میں بعض خلیفوں کی نسبت خبر دی گئی ہے خاص کر وہ خلیفہ جس کی نسبت بخاری میں لکھا ہے کہ آسمان سے اس کیلئے آواز آئے گی کہ ھذا خلیفۃ اللّٰہ المھدی"۔[4]

1- فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۴ صفحہ ۳۰۵، ۳۰۶

2- فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ صفحہ ۴۴۳، فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۳ صفحہ ۹۱

3- خطبات یزدانی جلد ۱ صفحہ ۲۳۴

4- شہادۃ القرآن صفحہ ۴۱

marfat.com

اب سوچو کہ یہ حدیث کس پایہ اور مرتبہ کی ہے اور جو ایسی کتاب میں درج ہے جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے۔

حضرات! بخاری و مسلم ایسی کتب نہیں جو مل نہ سکیں، کوئی بھی دیکھ لے۔ بلکہ وہابیہ کی یہ مترجم کتب بازار سے مل جاتی ہیں، نہ قادیانی اپنے جھوٹے نبی کی درج کردہ حدیث آج تک بخاری سے دکھا سکے نہ وہابی یہ مذکور بالا حوالے بخاری سے دکھلا سکیں گے۔ انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ۔

یہ تو امام بخاری پر جھوٹ باندھا گیا۔ ان وہابیہ کے نزدیک تو خدا پر بھی جھوٹ بولنا جائز ہے۔ نعوذ باللہ۔

وہابیہ کے شیخ الاسلام ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری نے وہابیہ ہی کے محدث عبداللہ روپڑی کی عبارت نقل کی ہے:

"خاوند بیوی کا تعلق اور ان کا اتفاق و محبت سے رہنا اس کو شریعت نے اتنی اہمیت دی ہے کہ اس کیلئے اللہ پر جھوٹ بولنا بھی جائز ہے"۔[1]

موجودہ اہلِ حدیث حقیقۃً وہابی ہیں:

یہ نام نہاد اہل حدیث حقیقت میں وہابی ہیں، نجدی ہیں، شیعہ کی طرح تقیہ بازی کر کے اہل حدیث کہلواتے ہیں۔ اختصار کے ساتھ ایک دو حوالہ جات حاضر خدمت ہیں۔

1- وہابیہ کے مقتدا داؤد غزنوی کے متعلق لکھا ہے کہ اصلاً وہ اس وہابی تحریک کی گمشدہ تصویروں میں سے ایک تصویر تھے۔[2]

2- وہابیہ کے علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی کہتے ہیں:

"وہابیو! تمہیں وہابی ہونا مبارک ہو"۔[3]

3- سردار محمد حسنی صاحب بی اے لکھتے ہیں:

1- ہفت روزہ تنظیم اہلحدیث یکم ستمبر ۱۹۳۳ صفحہ ۱۰، مظالم روپڑی صفحہ ۵۳

2- داؤد غزنوی صفحہ ۶۴

3- خطباتِ یزدانی جلد ۲ صفحہ ۸۷

marfat.com

''انیسویں صدی کے ابتدا میں ہندوستان میں وہابیت کی تحریک جاری ہوئی تھی آج تک ہندوستان میں ایسے لوگ موجود ہیں جو دراصل وہابی ہیں مگر انہیں اور نام سے پکارا جاتا ہے مثال کے طور پر اہلِ حدیث''۔[1]

4- وہابیہ کا ایک ترجمان لکھتا ہے:

''وہابی خالص اسلام کی حفاظت اور شرک و بدعت کے خلاف سینہ سپر ہیں''۔[2]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم وہابی ہیں (معاذ اللہ):

وہابیہ کے شیخ الحدیث اسماعیل سلفی لکھتے ہیں:

''آنحضرت فداہ ابی وامی (صلی اللہ علیہ وسلم) سخت قسم کے وہابی تھے''۔[3] (نعوذ باللہ)

اکابر وہابیہ بے وقوف ہیں:

ہماری قائم کردہ سرخی کو شاید بعض لوگ سخت الفاظ سے تعبیر کریں مگر ہم نے ابتداء ہی میں دعویٰ کیا تھا کہ انشاء اللہ المولیٰ تعالیٰ ہم اپنے ہر دعوے کا ثبوت وہابی اکابر کی مستند کتب سے پیش کریں گے، تو اس کا بھی ثبوت حاضر ہے۔ اصل عبارت یہ ہے:

سوال: ہمارے ہاں کچھ لوگ ایسے پیدا ہو گئے ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی وہابی کہتے ہیں کیا ایسا کہنا جائز ہے۔ (مستری محمد یوسف گورو چک)

جواب: ایسے لوگ بہت ہی بے وقوف ہیں الخ۔[4]

وہابی عالم اسمٰعیل سلفی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وہابی قرار دیتے ہیں اور دوسری طرف وہابی اکابر کا ہی فتویٰ ہم نے پیش کر دیا ہے کہ حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو وہابی کہنے والے بہت ہی بے وقوف ہیں تو نتیجہ واضح ہے۔

1- سوانح حیات سلطان ابن سعود صفحہ ۲۶۱

2- ہفت روزہ الاعتصام لاہور ۱۱ جون ۱۹۷۶ء

3- تحریکِ آزادی فکر صفحہ ۲۹۵، فتاویٰ سلفیہ صفحہ ۱۲۶

4- فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۹ صفحہ ۱۳۹

marfat.com

انگریز سے ''وہابی'' نام کی بجائے ''اہلِ حدیث'' کی منظوری:

اکابر وہابیہ سے انہی کے مقتدا محمد حسین بٹالوی نے انگریزوں سے ان کی خوشامد کر کے ان سے اعلان وفاداری کی بنا پر وہابیہ کا نام ''وہابی'' کی بجائے ''اہلِ حدیث'' منظور کروایا۔ یہاں صرف اختصاراً دو حوالہ جات لکھے جاتے ہیں۔

1- وہابیہ کے مجدد نواب صدیق حسن خان بھوپالی لکھتے ہیں:

''چنانچہ یہ دعویٰ ارسال رسل مولوی محمد حسین بٹالوی کا سر ہنری ویونیس لفٹیننٹ گورنر بہادر ممالک پنجاب کے اجلاس میں پیش کیا گیا تھا۔ بجواب درخواست مذکور لفٹیننٹ گورنر صاحب موصوف نے مولوی محمد حسین (بٹالوی) کا شکریہ خیرخواہی ادا کیا لیکن کسی مصلحت سے ایلچی کا روانہ کرنا پسند نہ کیا بعد اس کے فرقہ موحدین لاہور نے صاحب بہادر موصوف کی روبکاری میں استدعا پیش کی کہ موحدین جو لفظ بدنام ''وہابی'' سے پکارے جاتے ہیں اور اطلاق اس لفظ کا عامۃً موحدین پر کیا جاتا ہے سو بطور سرکاری اشتہار دیا جاوے کہ آئندہ فرقہ ہائے موحدین لفظ بدنام ''وہابی'' سے نہ مخاطب کیے جاویں، چنانچہ لفٹیننٹ گورنر صاحب بہادر موصوف نے اس درخواست کو منظور کیا اور پھر ایک اشتہار اس مضمون کا دیا گیا کہ موحدین ہند پر شبہ بدخواہی گورنمنٹ ہند عامۃً نہ ہو اور خصوص جو لوگ کہ وہابیان ملک ہزارہ سے نفرت ایمانی رکھتے ہیں اور گورنمنٹ ہند کے خیر خواہ ہیں ایسے فرقہ موحدین مخاطب بہ وہابی نہ ہو''۔[1]

2- وہابیہ کے مقتدا عبدالمجید خادم سوہدروی لکھتے ہیں:

''لفظ وہابی آپ (محمد حسین بٹالوی) ہی کی کوشش سے سرکاری دفاتر اور کاغذات سے منسوخ ہوا اور جماعت کو اہل حدیث کے نام سے موسوم کیا گیا''۔[2]

1- ترجمان وہابیہ صفحہ ۶۲

2- سیرت ثنائی صفحہ ۳۵۲ حاشیہ

marfat.com

وہابیت سے لاتعلقی کا اعلان:

نام نہاد اہلِ حدیث وہابیت سے اعلان لاتعلقی کرتے رہے اگر چہ یہ دھوکہ تھا۔گزشتہ صفحات کے مطالعہ سے آپ پر حقیقت واضح ہو چکی ہے۔ یہاں بھی اختصاراً صرف ایک دو حوالہ جات لکھے جاتے ہیں۔

1- وہابیہ کے مجدد نواب صدیق حسن خاں بھوپالی لکھتے ہیں:

''ہند کے لوگوں کو وہابیہ نجدیہ سے نسبت دینا کمال نادانی اور نہایت بے وقوفی اور صریح غلطی ہے''۔[1]

2- وہابیہ کے مجتہد محمد حسین بٹالوی لکھتے ہیں:

''وہابی باغی و نمک حرام''۔[2]

3- وہابیہ کے شیخ الحدیث اسماعیل سلفی لکھتے ہیں:

''نہ ہی ہم لوگ اہل وہاب یا وہابی کہلانا پسند کرتے ہیں''۔[3]

4- مدیر رضوان نے اس ھمز لمز کیلئے وہابی کا لقب اہل حق کیلئے اختیار کیا، اللہ کا شکر ہے کہ اس سب وشتم کا دھارا خود بخود ہی کسی اور طرف پھر گیا ہے اور اہل حق اس بیہودہ گوئی سے محفوظ ہو گئے۔[4]

قارئین کرام! ایک طرف حضور علیہ السلام کو وہابی کہتے ہیں۔ دوسری طرف اس لفظ کو اپنے لیے بے ہودہ گوئی اور سب وشتم سے تعبیر کرتے ہیں۔ پھر یہ کہ آج کل جب انہیں وہابی کہا جاتا ہے تو ایک توجیہ یہ کرتے ہیں کہ ہم ''وہاب'' سے وہابی ہیں۔ اب ہم پوچھتے ہیں کہ بتاؤ کہ کیا اب خدا تعالیٰ سے تمہارے ان اکابر نے لاتعلقی کا اعلان کر دیا ہے۔

1- ترجمان وہابیہ صفحہ ۱۴

2- اشاعۃ السنۃ جلد ۱۱ شمارہ ۲ صفحہ ۳۴

3- فتاویٰ سلفیہ صفحہ ۱

4- فتاویٰ سلفیہ صفحہ ۱۱۳ / تحریک آزادی فکر صفحہ ۲۷

marfat.com

اہلِ مکہ و مدینہ کے عمل سے استدلال:

وہابی جب قرآن و حدیث سے اپنے مذہب کو ثابت کرنے سے قاصر ہوتے ہیں تو ائمہ و اہلِ مکہ و مدینہ کے عمل سے استدلال کیا کرتے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم وہابیہ کے مسلمہ اکابر کی تحریریں پیش کر رہے ہیں۔

1- وہابیہ کے مجتہد علامہ وحید الزماں حیدر آبادی لکھتے ہیں:

''زرقانی نے کہا کہ اس اثر سے حجت پکڑی ہے اُن لوگوں نے جو کہتے ہیں اہلِ مدینہ کا قول و فعل کچھ شرعاً حجت نہیں ہے جو یہ اسانید صحیحہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے خلفائے راشدین سے منقول ہے۔ ترجمہ (میں وحید الزماں) کہتا ہے کہ بہت سے اکابر علماء نے تصریح کر دی اس بات کی کہ مدینہ منورہ یا مکہ معظمہ کے لوگوں کا قول و فعل کچھ سند نہیں ہے کیونکہ دونوں مقاموں میں بدعات کا رواج بہت ہو گیا ہے''۔[1]

2- وہابیہ کے شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی لکھتے ہیں:

''تو کون سا یہ عمل (جو بیت اللہ میں ہوتا ہے) ہمارے لیے قابلِ حجت ہے؟ حجت تو صرف کتاب و سنت ہے''۔[2]

3- وہابیہ کے سرخیل سید احمد بریلوی کہتے ہیں:

''وہی (حجاز) سرزمین ہے جہاں دین خلل سے محفوظ رہے گا اگرچہ بدعات سے وہ ملک (عرب) بھی خالی نہیں''۔[3]

4- غلام رسول مہر جو کہ وہابی مؤرخ ہیں، لکھتے ہیں:

''(سید احمد بریلوی) ساری نمازیں حرم میں ادا کرتے تھے...... سید صاحب نے یہ فیصلہ کر لیا کہ جب تک دوسری جماعتیں ہوں، سب بھائی آرام سے

1- کشف الغطاء ترجمہ مؤطا امام مالک صفحہ ۶۲ مطبوعہ لاہور

2- ہفت روزہ الاعتصام لاہور ۲۹ نومبر ۱۹۹۶ء

3- سید احمد شہید صفحہ ۲۰۷

marfat.com

بیٹھے قرآن سنتے رہیں جب دوسرے لوگ فارغ ہو جائیں تو اپنی جماعت کھڑی ہو"۔[1]

ہر داعیِ شر خیر خواہ کے روپ میں آتا ہے:

ہماری اس گفتگو سے یہ بات واضح ہوگئی کہ وہابیت کی بے ادبی پر بنیاد ہے اور ان کا قرآن وحدیث سے کوئی دُور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کسی کے ذہن میں یہ سوال آجائے کہ وہابی تو بڑے قوم کے خیر خواہ اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں تو اس کا جواب بھی وہابیہ کے اکابر سے پیش کر کے مقدمہ کا اختتام کرتے ہیں۔

وہابیہ کے علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی کہتے ہیں:

"آدم اور حوا علیہما السلام جنت میں رہ رہے ہیں، کھاتے ہیں، پیتے ہیں مگر شیطان نے کہا کہ میں انہیں یہاں نہیں رہنے دوں گا وہ دشمن بن کر نہیں آتا بلکہ دوست اور خیر خواہ بن کر آتا ہے"۔[2]

بطور شاہد نام نہاد جماعت اسلامی کے بانی مودودی صاحب کی بھی سن لیجئے:

"یہ بھی انسان کی عین فطرت ہے کہ وہ برائی کی کھلی دعوت کو کم ہی قبول کرتا ہے عموماً اسے جال میں پھانسنے کیلئے ہر داعی شر کو خیر خواہ کے بھیس ہی میں آنا پڑتا ہے"۔[3]

وہابی کی وجہ تسمیہ:

وہابی مذہب محمد بن عبدالوہاب نجدی کی طرف منسوب ہے۔ نجدیت اور وہابیت ایک ہی مذہب ہے۔

1- ایک وہابی عالم مسعود عالم ندوی لکھتے ہیں:

1- سید احمد شہید صفحہ ۳۲۲

2- خطبات یزدانی جلد ۱ صفحہ ۳۶

3- تفہیم القرآن جلد ۲ صفحہ ۱۶ مطبوعہ ادارہ ترجمان القرآن لاہور

marfat.com

''وہابیت کی نسبت عام طور پر شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب بن سلیمان نجدی کی طرف کی جاتی ہے''۔[1]

2- ایک وہابی سوانح نگار احمد عبدالغفور عطار لکھتے ہیں:

''وہابی ابن تیمیہ، ابن القیم الجوزیہ اور ان کے متبعین کے مسلک پر چلتے ہیں تو اس میں راہِ ثواب سے کچھ بعد نہیں ہے بلکہ اصح یہی ہے کہ انہی ائمہ کے متبعین میں سے ہیں اور شیخ الاسلام (محمد بن عبدالوہاب نجدی) نے بھی انہی کے طریق کی پیروی کی ہے''۔[2]

3- ایک جگہ لکھا ہے:

''قاعدہ کی رُو سے وہابی اس کو کہنا چاہیے جو مجدد ملت شیخ الاسلام حضرت محمد بن عبدالوہاب نجدی کا مقلد اور پیرو ہو''۔[3]

4- وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناءاللہ امرتسری لکھتے ہیں:

''اس (محمد بن عبدالوہاب نجدی) کے اتباع اور فوجیوں کو لوگ وہابی کہتے تھے''۔[4]

ایک جگہ ہے:

''وہابی وہی گروہ ہے جو علامہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کا پیرو''۔[5]

اب بطور شاہد اکابر دیوبند کی سن لیجئے۔

1- دیوبندی قطب عالم رشید احمد گنگوہی لکھتے ہیں:

''محمد بن عبدالوہاب (نجدی) کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں''۔[6]

1- ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک صفحہ ۱۵ مطبوعہ حیدرآباد دکن طبع اول

2- محمد بن عبدالوہاب صفحہ ۱۷۴

3- فتاویٰ علمائے حدیث جلد ۱۰ صفحہ ۲۴۹

4- فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ صفحہ ۴۱۴

5- ایضاً صفحہ ۴۱۵

6- فتاویٰ رشیدیہ صفحہ ۲۶۶، تالیفاتِ رشیدیہ صفحہ ۲۴۲

marfat.com

2- دیوبند کے خیر المدارس کے مفتی صاحب لکھتے ہیں:
"وہابی کا لقب محمد بن عبدالوہاب (نجدی) کے پیروکاروں کیلئے ہی مشہور ہوا"۔[1]

3- دیوبندی حکیم الامت اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:
"اس لقب (وہابی) کے معنٰے یہ ہیں کہ جو شخص مسلک میں ابن عبدالوہاب (نجدی) کا تابع یا موافق"۔[2]

قارئینِ کرام! اِن وہابیہ دیوبندیہ کے ان حوالہ جات سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ وہابیہ نام نہاد اہلِ حدیث کو وہابی خدا تعالیٰ کے صفاتی نام "وہاب" کی وجہ سے نہیں کہا جاتا۔ بلکہ ان کو محمد بن عبدالوہاب نجدی کی نسبت سے وہابی کہا جاتا ہے جو ان کے اکابر نے بھی تسلیم کیا ہے۔

1- خیر الفتاوی جلد ا صفحہ ۳۷۵

2- امداد الفتاوی جلد 5 صفحہ ۲۳۳

marfat.com

وہابی توحید

اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے: (نعوذ باللہ)

1- وہابیہ کے شاہ اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں:
''پس لانسلّم کہ کذب مذکور محال بمعنی مسطور باشد الی قولہ الا لازم آید کہ قدرت انسانی زائد از قدرت ربانی باشد'' [1]
''پس ہم نہیں مانتے کہ اللہ کا جھوٹ محال بالذات ہو ورنہ لازم آئے گا کہ انسانی قدرت اللہ کی قدرت سے زیادہ ہے''۔

2- وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں:
''امکان کذب باری (تعالیٰ) کفر نہیں ہے''۔ [2]

اللہ تعالیٰ جہت اور مکان سے پاک نہیں ہے: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے شاہ اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں:
''تنزیہ او تعالیٰ از زمان و مکان و جہت و اثبات رویت بلا جہت و محاذات (الیٰ قولہ) ہمہ از قبیل بدعات حقیقہ است''۔
یعنی اللہ تعالیٰ کو زمان و مکان وغیرہ سے پاک ماننا حقیقی بدعت ہے۔ [3]

اللہ تعالیٰ مکّار ہے: (نعوذ باللہ)

شاہ اسماعیل دہلوی نے لکھا:

1- یک روزہ فارسی صفحہ ۱۷، ۱۸

2- شمع توحید صفحہ ۱۲

3- ایضاح الحق صفحہ ۳۵

marfat.com

''سو اللہ کے مکر سے ڈرا چاہیے''۔[1]

اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ علم غیب نہیں: (نعوذ باللہ)

شاہ اسماعیل دہلوی رقم طراز ہیں:

''سو اس طرح غیب کا دریافت، دریافت کرنا اپنے اختیار میں ہو کہ جب چاہے کر لیجئے یہ اللہ صاحب ہی کی شان ہے''۔[2]

بُرے وقت میں پہنچنا اللہ کی شان ہے: (نعوذ باللہ)

اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں:

''بُرے وقت میں پہنچنا اللہ کی شان ہے''۔[3]

اللہ تعالیٰ عرش کے اوپر موجود ہے: (نعوذ باللہ)

1- وہابیہ کے امام ابن قیم نے لکھا ہے:

''میرا عقیدہ ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ عرش اور کرسی کے اوپر موجود ہے، اللہ نے دونوں قدم کرسی پر رکھے ہیں''۔[4]

2- وہابیہ کے علامہ وحید الزماں مترجم صحاح ستہ علاوہ ترمذی لکھتے ہیں:

''اللہ جب آسمان دُنیا پر نزول فرماتا ہے تو عرش اس سے خالی رہتا ہے یہ قول زیادہ صحیح ہے''۔[5]

3- وہابیہ کے مولوی ابوالحسن مصنف فیض الباری بھی لکھتے ہیں:

''اللہ عرش پر ہے''۔[6]

1- تقویۃ الایمان صفحہ ۴۶

2- تقویۃ الایمان صفحہ ۲۰

3- تقویۃ الایمان صفحہ ۱۰ مطبوعہ دہلی

4- قصیدہ نونیہ صفحہ ۳۱

5- ہدیۃ المہدی ۱/۱۰ مطبوعہ دہلی

6- فقہ محمدیہ ۱/۷

marfat.com

4- وہابیہ کے امام عبدالستار دہلوی رقمطراز ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے جو وصف اپنی ذات کیلئے فرمایا ہے (جیسے عرشِ عظیم پر مستوی ہونا) جس نے اس کا انکار کیا وہ بھی کافر ہوا''۔[1]

اللہ کے وزن سے کرسی چرچر کرتی ہے: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے علامہ وحیدالزماں حیدرآبادی لکھتے ہیں:

''جب وہ (اللہ) کرسی پر بیٹھتا ہے تو چار اُنگل بھی بڑی نہیں رہتی ہے اور اس (اللہ) کے بوجھ سے چرچر کرتی ہے''۔[2]

اللہ مجسم ہے:

وہابیہ کے علامہ وحیدالزمان لکھتے ہیں:

وله (تعالٰی) وجه و عین و یدو کف وقبضة و اصابع بمساعد و ذراع و صدر و جنب و حقو و قدم و رجل و ساق و کنف کما تلیق بذاته المقدسة۔[3]

''اللہ تعالیٰ کیلئے اُس کی ذاتِ مقدس کے لائق بلاتشبیہ یہ اعضاء ثابت ہیں: چہرہ، آنکھ، ہاتھ، مٹھی، کلائی، درمیانی اُنگلی کے وسط سے کہنی تک کا حصہ، سینہ، پہلو، کوکھ، پاؤں، ٹانگ، پنڈلی، دونوں بازو''۔

اللہ اپنی مثل پیدا کرسکتا ہے: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے عبداللہ غزنوی کے شاگرد قاضی عبدالاحد خانپوری نے اپنے سردار اہلِ حدیث ثناء اللہ امرتسری کا عقیدہ لکھا ہے:

''رب تعالیٰ اپنی مثل پیدا کرنے پر قادر ہے''۔[4]

1- فتاویٰ ستاریہ ۲/۸۵

2- ترجمہ قرآن وتفسیر وحیدی صفحہ ۵۶ طبع فیصل آباد

3- ہدیۃ المہدی ۱/۹

4- الفیصلۃ الحجازیہ صفحہ ۲۳

marfat.com

اللہ تعالیٰ کے حاضر و ناظر ہونے کا انکار: (نعوذ باللہ)

1- وہابیہ کے امام عبدالستار دہلوی لکھتے ہیں:

''خدا کو ہر جگہ ماننا معتزلہ وجہمیہ وغیرہ فرق ضالّہ کا باطل عقیدہ ہے''۔[1]

2- وہابیہ کے ہفت روزہ میں ہے:

''اللہ تعالیٰ ذوالعرش اپنی ذات سے عرشِ اعظم پر مستوی اور موجود ہے، وہ ہر مکان میں موجود نہیں ہے بلکہ عرشِ بریں پر تمام مخلوق سے الگ اور جُدا ہے''۔[2]

اللہ تعالیٰ کی صفات حادث ہیں: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے علامہ وحید الزماں لکھتے ہیں:

''(اللہ کی) صفات افعالیہ کا حدوث اور تغیُّر اہل حدیث کے نزدیک جائز ہے''۔[3]

ایک جگہ لکھا ہے:

''ہمارے اکثر بزرگوں کے نزدیک اللہ کی صفات فعلیہ حادث ہیں''۔[4]

آخرت میں دیدارِ الٰہی کا انکار: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے قاضی عبدالاحد خانپوری نے لکھا ہے:

''آخرت میں دیدارِ باری تعالیٰ نہیں ہوگا''۔[5]

اللہ جس صورت میں چاہے، ظہور فرما سکتا ہے: (نعوذ باللہ)

وہابیہ کے وحید الزماں نے لکھا ہے:

1- فتاویٰ ستاریہ ۲/۸۴

2- ہفت روزہ الاعتصام لاہور صفحہ ۷، ۳۰ دسمبر ۱۹۵۵ء

3- تیسیر الباری شرح بخاری ۴/۷۴

4- ہدیۃ المہدی ۱/۱۰، کنز الحقائق صفحہ ۳

5- المفیصلۃ الحجازیہ صفحہ ۲۷

marfat.com

والظهور فی ای صورة شآء۔

''اللہ جس صورت میں چاہے ظہور فرماتا ہے''۔[1]

تو کیا بیل گدھے کی صورت میں بھی......؟ (معاذ اللہ)

موصوف نے یہ بھی لکھا:

''اللہ عرش سے اسی طرح اُترتا ہے کہ جس طرح ہم منبر سے''۔[2]

قبر کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا:

وہابیہ کے مولوی ابوالحسن لکھتے ہیں:

''قبروں میں نماز پڑھنا درست نہیں، خواہ قبر نمازی کے آگے ہو یا پیچھے یا ان کے درمیان لیکن اگر پڑھ لے تو درست ہے''۔[3]

اللہ کا ذکر بدعت ہے:

عورتوں کا جمع ہو کر اللہ اللہ کرنا بدعت ہے۔[4]

قبلہ کی طرف پاؤں کرنا جائز ہے:

1- جماع کے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنا جائز ہے۔[5]

2- قبلہ کی طرف پاؤں کر کے سونا جائز ہے۔[6]

3- پاخانہ اور جماع کے وقت اللہ کا ذکر کرنے والا گناہگار نہیں ہوتا۔[7]

1- ہدیۃ المہدی ۱/۷

2- ہدیۃ المہدی ۱/۱۱

3- فقہ محمدیہ ۱/۱۰۹

4- فتاویٰ ستاریہ ۱/۶۶

5- فقہ محمدیہ ۱/۱۱

6- فتاویٰ ستاریہ ۱/۱۳۰

7- فقہ محمدیہ ۱۳/۱۲

marfat.com

وہابی تراجم:

چند آیات کے وہابی تراجم ملاحظہ ہوں:

1- یہودیوں نے مخفی داؤ کیے، خدا نے ان سے داؤ کیا۔[1]

2- کیا یہ لوگ اللہ کی چال سے بے خوف ہیں۔[2]

3- (اللہ) کے مکر سے بے خوف ہونا (الخ)۔[3]

4- جو لوگ ایمان لائے، اللہ ضرور ان کو معلوم کر کے رہے گا۔[4]

قارئینِ کرام! انصاف کیجئے، تو حید کے متعلق وہابیہ کی مستند کتب سے حوالہ جات حاضر ہیں۔

اُنہی کے مطلب کی کہہ رہا ہوں
زبان میری ہے بات اُن کی

1- ترجمۂ قرآن ثناء اللہ امرتسری صفحہ ٦٧

2- کتاب التوحید مترجم صفحہ ٢٧٧

3- کتاب التوحید صفحہ ٢٧٧

4- ترجمہ ڈپٹی نذیر احمد دہلوی صفحہ ٤٩٤

marfat.com

عقائد وہابیہ

نماز میں حضور علیہ السلام کا خیال لانا بیل گدھے کے خیال سے بدرجہا بدتر ہے (نعوذ باللہ):

وہابیہ کے امام [1] اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں:

از وسوسہ زنا خیال مجامعت زوجہ خود بہتر است وصرف ہمت بسوئے شیخ و امثال آں از معظمین گو جناب رسالت مآب باشند بچندیں مرتبہ بدتر از استغراق درصورتِ گاؤ خرخود است کہ خیال آں با تعظیم واجلال بسویدائے دل انسان می پچپد بخلاف خیال گاؤ خر کہ نہ آں قدر چپیدگی می بود نہ تعظیم بلکہ سہاں ومحترمی بود ایں تعظیم واجلال غیر کہ در نماز ملحوظ مقصود می شود بشرک می کشد۔ [2]

"(نماز میں) زنا کے وسوسے اپنی بیوی کی مُجامعت کا خیال بہتر ہے اور شیخ یا انہی جیسے اور بزرگوں کی طرف خواہ جناب رسالت مآب ﷺ ہی ہوں اپنی

1- اسماعیل دہلوی کون ہے؟:

وہابیہ کے شیخ الاسلام ثناء اللہ امرتسری نے لکھا کہ شاہ اسماعیل شہید پکے اہل حدیث تھے۔

(فتاوٰی ثنائیہ ۱/۳۸۴)

احسان الٰہی ظہیر نے اسماعیل دہلوی اور اس کی کتاب تقویۃ الایمان کی اپنی کتاب البریلویۃ میں تعریف کی ہے۔

وہابیہ کا ہفت روزہ ترجمان لکھتا ہے کہ اللہ غریق رحمت کرے جناب مولانا اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کو جن کے فیض سے اسلام کا یہ غریب خطہ بھی محروم نہ رہا آج جو کچھ بھی اسلام کا چرچا ان دیہات میں نظر آرہا ہے یہ آپ ہی کے شاگردوں رحمہم اللہ کی کوششوں کا ثمرہ ہے۔ جس کے طفیل مذہب اہلحدیث کے نام لیواؤں کی تعداد بھی تقریباً ۴۰ گاؤں تک پہنچ گئی ہے۔ (ہفت روزہ اہلِ حدیث امرتسر ۲۳ نومبر ۱۹۲۸ء)

2- صراطِ مستقیم صفحہ ۸۶ مطبوعہ مکتبۃ السلفیہ لاہور

marfat.com

ہمت کو لگا دینا اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے زیادہ بُرا ہے کیونکہ شیخ کا خیال تعظیم اور بزرگی کے ساتھ انسان کے دل میں چمٹ جاتا ہے اور بیل اور گدھے کے خیال کو نہ تو اس قدر چپیدگی ہوتی ہے اور نہ تعظیم بلکہ حقیر اور ذلیل ہوتا ہے اور غیر کی تعظیم اور بزرگی جو نماز میں ملحوظ ہو، وہ شرک کی طرف کھینچ کرلے جاتی ہے''۔[1]

امام الانبیاء علیہ السلام اور تمام انبیاء چمار سے بھی ذلیل ہیں (نعوذ باللہ):

امام الوہابیہ اسماعیل دہلوی لکھتے ہیں:

''یہ یقین جان لینا چاہیے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے''۔[2]

''اللہ کی شان بہت بڑی ہے کہ سب انبیاء و اولیاء اس کے رُوبرو ذرۂ ناچیز سے بھی کمتر ہیں''۔[3]

حضور علیہ السلام اور تمام انبیاء بڑے بھائی ہیں (نعوذ باللہ):

''اولیاء، انبیاء، امام، امام زادے، پیر و شہید یعنی جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی ہیں مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے''۔[4]

حضور علیہ السلام کی گنوار جیسی حیثیت: (نعوذ باللہ)

''اشرف المخلوقات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو اس کے دربار میں یہ حالت ہے کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے دہشت کے بے حواس ہو گئے''۔[5]

1- صراط مستقیم اردو صفحہ ۱۶۹، ۱۷۰ ترجمہ اکرم جامی

